
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : فاطمہ قزلباش

دوسری جماعت کے لئے

# پاؤں پاؤں پاؤں






## ٹیچر کیلئے نوٹ

- نظم ''پاؤں پاؤں پاؤں'' کا مقصد انسان کے جسم کے ایک بہت اہم حصے جسے ہم اکثر نظر انداز کرتے ہیں یعنی (پاؤں) کو focus میں لانا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نظم میں لفظ ''پاؤں'' کو بار بار استعمال کیا ہے۔

ہمارے ماحول میں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ پاؤں کی اہمیت زیادہ نہیں ہے۔ لوگ عام طور پر بالوں کی سجاوٹ اور چہرے کے بناؤ سنگھار کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ شاید انہیں معلوم نہیں ہے کہ صحت مند پاؤں اور اس کی حفاظت پورے جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ مثلاً پاؤں میں صحیح جوتا ہو تو چلنے پھرنے میں پھرتی آ جاتی ہے۔ تھکن نہیں ہوتی وغیرہ وغیرہ۔ اس سبق میں یہ بھی بتایا ہے کہ کس طرح ہمارے پاؤں ہمارے تاثرات کو ظاہر کرتے ہیں۔ پاؤں جیسے غیر روایتی لفظ کو استعمال کر کے رائٹر نے سبق میں مزاح پیدا کیا ہے۔ ساتھ ساتھ ٹیچر اس سبق کے ذریعے رول پلے' آرٹ ورک' واحد جمع پر بھی کام کر وا سکتی ہیں۔

## سیشن 1

- ٹیچر کلاس میں آ کر ہلکے پھلکے انداز میں بات چیت شروع کریں۔ مثلاً سب لوگ اسکول کیسے آتے ہیں۔ جیسے کار۔ وین۔ سائیکل وغیرہ۔ (بچے مختلف جوابات دیں گے)۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ سب اپنے پیروں پر چل کر اسکول کے اندر آتے ہیں۔ اس کے بعد انگریزی لفظ feet بورڈ پر ویب بنا کر لکھیں اور بچوں کی مدد سے لفظ feet کے ہم آواز (rhyming words) بورڈ پر لکھیں۔ 20 منٹ
- بچے یہ کام بورڈ سے دیکھ کر اپنی کوپیوں میں اتاریں۔



15 منٹ • بچوں سے ہم آواز الفاظ کے بارے میں بات چیت کریں۔ ہم آواز الفاظ کا استعمال نظم میں کیا جاتا ہے۔ ٹیچر بچوں کو ایک نظم پڑھ کر سنائیں۔

ایک تھا لڑکا ٹوٹ بٹوٹ
باپ تھا اس کا میر سلوٹ
پیتا تھا وہ سوڈا ووٹر
کھاتا تھا بادام اخروٹ

• بچوں سے پوچھیں کہ اس میں ہم آواز الفاظ کون سے تھے۔ (ٹوٹ بٹوٹ۔ میر سلوٹ۔ اخروٹ)
ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہم آواز الفاظ نظم کو زیادہ دلچسپ بنا دیتے ہیں۔ بچوں کو کتاب دکھا کر پوچھیں کہ آج کی کتاب کا ہم آواز لفظ کیا ہے؟

کتاب کی پڑھائی سے پہلے ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کتاب کے سرورق اور تصویروں کو دیکھ کر کہانی کے بارے میں اندازہ لگا سکتے ہیں؟

بچوں سے پوچھیں کہ وہ پاؤں سے کیا کام کرتے ہیں؟ (چڑھنا۔ اترنا۔ دوڑنا وغیرہ)۔

10 منٹ • اب ٹیچر تاثرات کے ساتھ کتاب کی پڑھائی کریں۔ پھر کلاس میں اچھی پڑھائی کرنے والے بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔

ٹیچر بورڈ پر محاورے ''سر پر رکھ کر بھاگے پاؤں'' اور ''دبے پاؤں'' لکھیں اور بچوں سے ان کا مطلب پوچھیں۔ (ڈر کر بھاگنے کو سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا کہتے ہیں۔ دبے پاؤں آنے سے مراد جب کوئی کسی برے یا خطرناک مقصد سے آئے۔ جیسے چور وغیرہ)۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے جملوں کو اردو میں محاورے اور انگریزی میں idioms کہتے ہیں۔

## گھر کا کام

• مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

چست ست کرتب جھولتے دبے پاؤں

سہمے　　　سکڑے　　　اونچائی　　　نیچے　　　اترتے

- سبق گھر سے پڑھ کر آئیں۔ کل کلاس میں dictation کر وایا جائے گا۔

## سیشن 2

10 منٹ
- پہلے ٹیچر کلاس کے سامنے سبق کی پڑھائی کریں۔ پھر کلاس کے کچھ مختلف بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ کوشش کریں کہ وہ بچے بھی پڑھیں جنھوں نے ابھی تک کتاب نہیں پڑھی۔

20 منٹ
- پڑھائی کے بعد بچوں سے کتابیں بند کر وائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کوپی نکالیں۔ ٹیچر کتاب میں سے 20 الفاظ کا dictation کر وائیں۔ dictation کے بعد بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بچوں سے پوچھ کر dictation کے الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے بورڈ سے الفاظ دیکھ کر dictation کی تصحیح کریں اور 20 میں سے نمبر دیں۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگائیں اور اچھا dictation لکھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ موٹے یا پتلے پاؤں والے کسی جانور کی تصویر بنائیں۔ اس میں رنگ بھریں۔ اس جانور کا نام بھی لکھیں۔

### گھر کا کام

- جانوروں کے پیروں کے بارے میں معلومات لے کر آئیں کہ وہ پیر انہیں کیسے مدد دیتے ہیں؟ جیسے بطخ کے پاؤں پانی کی سطح پر تیرنے میں مدد دیتے ہیں۔ عام چوپاؤں کے کھر دوڑنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس معلومات کو کوپی میں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

25 منٹ
- بچوں کی لائی ہوئی معلومات پر بات چیت کریں۔

جیسے چیتے کے پنجے (paws) شکار کو خاموشی سے پکڑنے اور چھلانگ لگا کر زمین پر اترنے میں مدد دیتے ہیں۔

چڑیا کے پنجے درخت کی شاخ کو مضبوطی سے پکڑنے میں مدد دیتے ہیں۔
بندر کے پاؤں جھولنے اور ڈالی کو مضبوطی سے پکڑنے میں مددگار ہوتے ہیں۔
گھوڑے کے کھر (hoves) بھاگنے میں مدد کرتے ہیں۔
چھپکلی کے پیروں کے نیچے قدرتی پیڈز (pads) ہوتے ہیں جو دیوار سے چپکنے میں مدد دیتے ہیں۔
بطخ کے جھلی لگے پیر تیرنے میں مددگار ہوتے ہیں۔
سیل (seal) اور والرس (walrus) کے پاؤں (flapper) تیرنے میں مدد کرتے ہیں۔
ٹیچر مختلف جانوروں کے نام بتاتی جائیں اور باری باری discuss کرتی جائیں۔ بچے جانوروں کے نام اپنی کوپی میں اتاریں۔

## رول پلے (roleplay)

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کون گھوڑے کی طرح بھاگ سکتا ہے۔ کچھ بچے دوڑ کر بتائیں۔ انہیں بتائیں اس طرح بھاگنے کو gallop کہتے ہیں۔ اب کچھ جانوروں اور کیڑوں کا ذکر کر کے پوچھیں کہ ان کے movement کو کیا کہتے ہیں۔ جانوروں کے نام انگریزی میں بھی لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بطخ | duck | saddle |
| سانپ | snake | slithers |
| کیڑے | insects | crawl |
| چھوٹے بچے | babies | crawl |
| کینگرو | kangraoo | hop |
| ہرن | deer | leap |

## گھر کا کام

- کوئی بھی بھوت کی کہانی (ghost story) پڑھ کر اور کلاس میں سنانے کی تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 4

25 منٹ

- آج کہانی سننے اور سنانے کا دن ہے۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کلاس میں بالکل خاموش رہنا چاہئے ورنہ

بھوت کی کہانی سننے سنانے میں مزہ نہیں آئے گا۔
بچوں کو موقع دیں کہ وہ اپنی مرضی سے کہانی سنائیں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو اس کا موقع دیں۔

20 منٹ
- ٹیچر بچوں کو خود بھی کوئی بھی دلچسپ کہانی مثلاً (علی بابا چالیس چور) سنائیں۔ ٹیچر کہانی میں محاورے ''دبے پاؤں'' اور ''سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے'' کا استعمال کریں۔
- بچے ''سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے'' کے عنوان سے 5 جملوں کا مضمون لکھیں۔

## گھر کا کام
- ہر بچہ ایک رنگ کا ڈبا یا شیشی لائیں۔

## سیشن 5

45 منٹ
- بچے مختلف رنگ ساتھ لائے ہوں گے۔ ٹیچر بچوں کو colour mixing کے حوالے سے primary اور secondary رنگ بنانے کا طریقہ سمجھائیں۔ جیسے لال اور سفید سے گلابی۔ نیلے اور پیلے سے ہرا رنگ بنتا ہے۔

بچوں سے بند مٹھی سے پیر کے نشان (foot print) بنوائیں اور انگلیوں سے toes بنوائیں۔ بچے یہ کام مختلف رنگوں کے ساتھ کر سکتے ہیں۔ (کتاب میں پاؤں بنانے کے لئے یہی ترکیب استعمال ہوئی ہے)۔ بچوں کا کیا ہوا کام کلاس میں ڈسپلے کریں۔

## گھر کا کام
- کل بچے اپنے اپنے پالتو جانور لے کر آئیں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اس دن کو ہم پالتو جانوروں کا دن (pets day) کہیں گے۔ (اگر یہ ممکن نہ ہو تو بچوں سے کسی جانور کی تصویر یا کھلونے کا جانور منگوائیں)۔

## سیشن 6

| | | |
|---|---|---|
| 10 منٹ | • | بچے کتاب کی پڑھائی کریں۔ |
| 30 منٹ | • | اگر بچوں سے گھر سے جانور منگوائے ہیں تو بچے اپنے جانور کے بارے میں کلاس کو بتائیں اور خاص طور پر ان کے پیروں کے بارے میں بات کریں۔ بچے اپنے دوستوں سے سوال بھی کر سکتے ہیں۔ پیر انہیں کیسے مدد دیتے ہیں۔ |
| | • | بچے کسی جانور کی تصویر لائے ہیں تو اس جانور کے پیروں کے متعلق بات کریں۔ باقی بچے بھی اس کے بارے میں تین سے چار باتیں بتائیں۔ |
| 5 منٹ | • | ٹیچر بھی کسی جانور، کیڑے یا کسی بھی دلچسپ جانور کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور بچوں کو تصویریں دکھائیں اور اس کے بارے میں بتائیں۔ |

## سیشن 7

| | | |
|---|---|---|
| 15 منٹ | • | جن بچوں نے ابھی تک نہیں پڑھا ہے آج ان سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ |
| 30 منٹ | • | کلاس میں الفاظ اور ان کی ضد بورڈ پر کر وائیں۔ بعد میں بچے یہ کام کوپیوں میں اتاریں۔ |

| | |
|---|---|
| دن | رات |
| اونچائی | نیچائی |
| نرم | سخت |
| پیچھے | آگے |
| الٹا | سیدھا |
| خشک | سوکھے |
| چست | سست |
| بڑے | چھوٹے |
| پھیلے | سکڑے |
| اندر | باہر |
| بیمار | تندرست |

• بچوں سے ان الفاظ کو زبانی جملوں میں استعمال کر وائیں۔ کوشش کریں کہ اس مشق میں وہ بچے بھی

حصہ لیں جو عام طور پر خاموش رہتے ہیں۔

## سیشن 8

20 منٹ
- آج کلاس کا آغاز غیر رسمی بات چیت سے کریں۔ ٹیچر بچوں سے ان کے روزمرہ کے کاموں کے بارے میں بات کریں۔
اسکول سے جا کر کون کون آرام کرتا ہے؟
ٹی وی کتنی دیر دیکھتے ہیں؟
کھیل کود کے لئے کون باہر نکلتا ہے؟
جسمانی ورزش کتنی ضروری ہے۔
بچوں کو کن کھیلوں اور کھلاڑیوں میں دلچسپی ہے۔ ان کے متعلق بات چیت کریں۔

25 منٹ
- ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کا انگریزی ترجمہ پوچھیں پھر بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

| | |
|---|---|
| الٹا | left |
| سیدھا | right |
| جاتے | going |
| سوتے | sleep |
| خشک | dry |
| چراغ | lamp |
| بھیگے | wet |
| اونچائی | hight |
| نیچے | low |
| اترتے | climb down |
| پیچھے | back |
| چڑھتے | climb up |

# پاؤں پاؤں پاؤں

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale